OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS
*Help Center*

# جب آپ کو "ڈیفالٹ" طور پر خلاف ورزی کا مرتکب پایا جائے

## "ڈیفالٹ/بذریعہ ڈیفالٹ خلاف ورزی" میں پائے جانے کا کیا مطلب ہے؟

ہر سمن کے سامنے والے حصے پر ایک *تاریخ سماعت* درج ہوتی ہے۔ جب کوئی جواب دہندہ، یا جواب دہندہ کا نمائندہ، سماعت میں حاضر نہیں ہوتا، یا پیشگی طور پر اعتراف کر کے ادائیگی/تصفیہ/اسٹیپیولیشن نہیں کرتا، تو جواب دہندہ کو بذریعہ ڈیفالٹ خلاف ورزی کا مرتکب قرار دیا جاتا ہے۔

## ڈیفالٹ کی صورت میں جرمانہ کیا ہوتا ہے؟

ڈیفالٹ کے فیصلے کے بعد عائد ہونے والا جرمانہ اس خلاف ورزی پر منحصر ہوتا ہے جو سمن میں عائد کی گئی ہو۔ تاہم، ڈیفالٹ کا جرمانہ اکثر **معیاری جرمانے سے 2 تا 3 گنا زیادہ** ہوتا ہے۔

## اگر مجھے ایسا فیصلہ موصول ہو جس میں مجھے ڈیفالٹ میں قرار دیا گیا ہو تو میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ یا تو 1) ڈیفالٹ جرمانہ اور اس کے ساتھ عائد کی گئی اضافی سزائیں، فیسیں یا سود ادا کر سکتے ہیں؛ **یا** 2) سمن کے مطابق غیر حاضر رہ جانے والی سماعت کو دوبارہ کھولنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## میں غیر حاضر رہ جانے والی سماعت کو دوبارہ کھولنے کی درخواست کیسے کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ "Request for a New Hearing After A Failure to Appear" کا درخواست فارم OATH کی ویب سائٹ پر آن لائن، بذریعہ ڈاک، یا کسی بھی OATH مقام پر بالمشافہ جمع کرا سکتے ہیں۔

## اگر میں غیر حاضر رہ جانے والی سماعت کو دوبارہ کھولنے کی درخواست کروں تو کیا OATH میری درخواست منظور کرے گا؟

یہ اس بات پر منحصر ہے کہ سمن کتنے عرصے سے ڈیفالٹ کی حیثیت میں ہے اور آپ کی سماعت میں غیر حاضر رہنے کی وجہ کیا تھی۔ OATH کے طریقہ کار کے اصول درج ذیل طریقے سے ڈیفالٹ شدہ سماعتیں دوبارہ کھولنے کی اجازت دیتے ہیں:

1) ڈیفالٹ کے فیصلے کی تاریخ سے **75 دن کے اندر** سماعت دوبارہ کھولنے کی **پہلی (1st)** درخواست خودکار *طور پر* منظور کر لی جائے گی۔

2) ڈیفالٹ کے فیصلے کی تاریخ کے **75 دن کے بعد** مگر ایک (1) سال کے اندر سماعت دوبارہ کھولنے کی **پہلی (1st) درخواست** میں سماعت سے غیر حاضری کی "معقول وجہ" فراہم کرنا ضروری ہوگا۔ OATH اس بات کا تعین کرے گا کہ پیش کی گئی وجہ معقول ہے یا نہیں، جس کا فیصلہ طریقہ کار کے قواعد میں بیان کردہ عوامل کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

3) ڈیفالٹ کے فیصلے کی تاریخ کے **ایک (1) سال سے زیادہ عرصے کے بعد** سماعت دوبارہ کھولنے کی **پہلی (1st) درخواست**، یا **دوسری (2nd) درخواست** (ایسی صورت میں جب پہلی (1st) ڈیفالٹ پہلے ہی منسوخ کر کے نئی تاریخ مقرر کی جا چکی ہو) کے لیے یہ ثابت کرنا ضروری ہوگا کہ سماعت سے غیر حاضری کے لیے "غیر معمولی حالات" موجود تھے اور یہ بھی ظاہر کرنا ہوگا کہ درخواست مسترد ہونے کی صورت میں ناانصافی واقع ہوگی۔

**اگر میں غیر حاضر رہ جانے والی سماعت کو دوبارہ کھولنے کی درخواست کروں تو مجھے نتیجے کا کب معلوم ہوگا؟**

ڈیفالٹ شدہ سماعت کو دوبارہ کھولنے کے فیصلے میں چھ (6) ہفتوں تک کا وقت لگ سکتا ہے۔ یہ فیصلہ درخواست دہندہ کو بذریعہ ڈاک بھیجا جائے گا۔ OATH یہ تعین کرنے کے لیے اضافی معلومات بھی طلب کر سکتا ہے کہ آیا درخواست دہندہ کو درخواست دینے کا حق حاصل ہے یا نہیں۔

**اگر OATH مجھے نئی سماعت فراہم کر دے تو کیا ہوگا؟**

اگر OATH آپ کی درخواست منظور کر لیتا ہے تو سماعت کی نئی تاریخ مقرر کی جائے گی۔ نئی سماعت کی تاریخ اور سماعت میں شرکت کے طریقہ کار سے متعلق ہدایات بذریعہ ڈاک بھیجی جائیں گی۔

**کیا میں اپنی درخواست انگریزی کے علاوہ کسی اور زبان میں جمع کرا سکتا/سکتی ہوں؟**

جی ہاں۔ درخواست فارم اُس زبان میں جمع کرایا جا سکتا ہے جسے استعمال کرنے میں آپ زیادہ سہولت محسوس کرتے ہوں۔ OATH کا آن لائن فارم متعدد زبانوں میں ترجمہ کیا جا سکتا ہے۔

**کیا میں اپنی درخواست کے ساتھ ثبوت منسلک کر سکتا/سکتی ہوں؟**

جی ہاں، آپ ایسا کر سکتے ہیں۔ آپ سماعت میں غیر حاضری کی تفصیلی وضاحت ایک علیحدہ کاغذ پر تحریر کر کے اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کر سکتے ہیں، اور اس کے ساتھ کوئی بھی معاون دستاویزات بھی شامل کر سکتے ہیں۔

**اگر میری درخواست مسترد ہو جائے تو کیا ہوگا؟**

ڈیفالٹ شدہ سماعت کو دوبارہ کھولنے کی درخواست کا انکار ادارے کا حتمی فیصلہ ہوتا ہے اور OATH میں اس کے خلاف اپیل نہیں کی جا سکتی۔ اگر درخواست مسترد ہو جائے تو مقرر کردہ ڈیفالٹ جرمانے اس وقت تک برقرار رہیں گے جب تک وہ ادا یا پورے نہ کر دیے جائیں۔ اگر آپ غیر حاضر رہ جانے والی سماعت کو دوبارہ کھولنے کی درخواست سے متعلق OATH کے فیصلے سے اختلاف رکھتے ہیں تو آپ نیویارک اسٹیٹ سپریم کورٹ میں نیویارک سول پریکٹس لا اینڈ رولز کے آرٹیکل 78 کے تحت قانونی نظرثانی کی درخواست بھی دے سکتے ہیں۔


**Bronx**
260 E.161st Street, 6th FL
Bronx, NY 10451

**Brooklyn**
9 Bond Street, 7th FL
Brooklyn, NY 11201

**Manhattan**
66 John Street, 10th FL
New York, NY 10038

**Queens**
31-00 47th Avenue, 3rd FL
Long Island City, NY 11101

**Staten Island**
350 St. Marks Place, Main FL
Staten Island, NY 10301